ناصر جنگ شہید از جناب رہبر صاحب فاروقی، صفحات ۱۸۷، قیمت ۲؎ ملنے کا پتہ:- بیرون یاقوت پورہ، املی بن، مکان ۳۵۷/۱۳۵۱، حیدر آباد، دکن۔

یہ کتاب نظام الملک آصف جاہ بانی سلطنت آصفیہ کے جانشین نواب میر احمد خاں نظام الدولہ کے سوانح حیات پر مشتمل ہے۔ واضح رہے کہ دکن کی سیاسی تاریخ کو جو اہمیت تاریخ ہند میں حاصل ہے، کچھ ویسی ہی اہمیت تاریخ دکن میں ناصر جنگ کے دور کی ہے، لیکن اس دور کے بہت مجمل حالات تاریخوں میں ملتے ہیں۔ اچھا ہوا کہ اب جناب رہبر فاروقی نے مطالعہ و تحقیق کے بعد اس دور کے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کر دی ہیں۔ تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے حضرات یقیناً مؤلف کی کاوش کی داد دیں گے۔

آثار اقبال مرتبہ جناب غلام دستگیر صاحب رشید، ایم، اے، عثمانیہ۔ شائع کردہ:- ادارۂ اشاعت اردو، حیدر آباد۔ دکن

قیمت:- مجلد تین روپے ۱۲ آنے

علامہ اقبال کی شخصیت اور ان کے کلام کو مختلف اہل قلم مختلف پہلوؤں سے نمایاں کرنے میں مصروف ہیں اور آئے دن اس سلسلہ میں تشریحی اور تنقیدی مقالات شائع ہوتے رہتے ہیں۔ اخبارات اور رسائل کے فائلوں سے ایسے ہی کچھ دلچسپ اور معلومات افزا مقالات کو اس کتاب میں جمع کیا گیا ہے۔ ان مقالات کے لکھنے والوں میں نواب محمد بہادر خاں مرحوم، ڈاکٹر خلیفہ عبد الکریم، پروفیسر خواجہ عبد الحمید، مولانا اسلم جیراجپوری، ڈاکٹر میر ولی الدین، مولانا محمد علی مرحوم، پروفیسر رشید احمد صدیقی، مولانا نذیر الحق میرٹھی اور دوسرے ممتاز اصحاب شامل ہیں۔

جن لوگوں کو اقبال مرحوم سے دلچسپی ہے، ان کے لیے یہ کتاب قابل مطالعہ ہے۔

تعارف قرآنی از جناب ایم عبد الرحمٰن خاں صاحب، چہلیک، ملتان شہر۔

ناشر:- ایم ثناء اللہ خاں پبلشرز اینڈ بک سیلرز- ۲۶، ریلوے روڈ، لاہور، قیمت مجلد ۱۲؎

یہ کتاب اگرچہ کوئی اونچے درجہ کی محققانہ تالیف نہیں ہے، لیکن بہر حال چونکہ اس کا موضوع قرآن ہے اور قرآن کی بعض بصیرت افروز آیات کو اس میں ایک خاص نظم سے مرتب کر کے پیش کیا گیا ہے، اس وجہ سے کون مسلمان ہوگا جو اس کی پسندیدگی کا اظہار نہ کرے۔ جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے، یہ کتاب خود قرآن کی آیات کے حوالہ سے قرآن کی مختلف حیثیتوں کو متعین کر کے پیش کرتی ہے۔ مثلاً اس کے چند عنوان ملاحظہ ہوں:- قرآن نے اپنے لیے کونسے نام استعمال کیے؟ قرآن کب اور کس طرح اتارا گیا؟ قرآن کس زبان میں نازل ہوا؟ کیا قرآن پر ایمان لانا ضروری ہے؟ قرآن کے منکر کون ہیں؟ وغیرہ۔ ایسے ہی استفہامی عنوانوں کے ماتحت توضیحی آیتیں مع ترجمہ مرتب کی گئی ہیں۔ کتاب عام خواندہ طبقہ کے لیے مناسب ہے۔ (ن ص)

اعلان

رسالہ ترجمان القرآن کے مندرجہ ذیل رسائل ہمارے دفتر میں موجود ہیں۔ جن اصحاب کو ضرورت ہو منگوا سکتے ہیں۔ قیمت فی پرچہ ۸؎

سنہ ۵۲ھ صفر، جمادی الآخر، رجب، شوال، ذیقعدہ، ذی الحجہ۔ سنہ ۵۳ھ صفر، رجب، شعبان، رمضان۔ سنہ ۵۴ھ شعبان، سنہ ۵۵ھ ربیع الثانی، رجب، رمضان، شوال، شعبان، رجب، جمادی الآخر، جمادی الاول سنہ ۵۶ھ ذی الحجہ، ذی القعدہ، سنہ ۵۷ھ رمضان، شوال۔ ذی القعدہ، ذی الحجہ سنہ ۵۸ھ ذی القعدہ، ذی الحجہ۔ سنہ ۵۹ھ شوال۔ سنہ ۶۰ھ شوال۔ سنہ ۶۳ھ ذی القعدہ، ذی الحجہ